نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

۔سر آغاخان سوئم روڈ لاہور 21

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

## پریس ریلیز

**وزیر زراعت ولائیو سٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی زیرِ صدارت میں گوجرانوالہ اور گجرات ڈویژن میں گندم کی کاشت اور سموگ سے متعلق صورتحال کا جائزہ لینے کیلئے اجلاس کا انعقاد۔**

**وزیر اعلیٰ پنجاب کاشتکاروں کی خوشحالی اور زرعی ترقی کیلئے عملی اقدامات اٹھارہی ہیں۔وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی**

لاہور:07نومبر2024()وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف زری ترقی اور کاشت کاروں کی خوشحالی کے لیے عملی اقدامات اٹھارہی ہیں۔وزیر اعلی پنجاب نے گندم کے کاشتکاروں کیلئے خصوصی طور پر تاریخی انعامی پیکج متعارف کرایاہے جس کے تحت زیادہ رقبہ گندم کاشت کرنے والوں کو اربوں روپے مالیت کے انعامات بذریعہ قرعہ اندازی دیئے جائیں گے۔ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر زراعت ولائیو اسٹاک سید عاشق حسین کرمانی نے کمشنر آفس گوجرانوالہ میں گندم کی کاشت سے متعلق اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر بریفنگ دیتے ہوئے وزیر زراعت پنجاب کو بتایا گیا کہ امسال گوجرانوالا ڈویژن میں گندم کی کاشت کا ہدف 11 لاکھ 53 ہزار ایکڑ جبکہ گجرات ڈویژن میں گندم کی کاشت کا ہدف 12 لاکھ 51 ہزار ایکڑ مقرر کیا گیاہے جس کے حصول کیلئے تمام وسائل وذرائع بروئے کار لائے جارہے ہیں۔محکمہ زراعت توسیع کا عملہ کاشتکاروں کی بھرپور فنی راہنمائی کررہاہے۔اس کے علاوہ مارکیٹ میں معیاری کھاد، بیج اور زرعی ادویات کی فراہمی کیلئے ضلعی انتظامیہ کی معاونت سے خصوصی ٹیمیں مانیٹرنگ کررہی ہیں۔کاشتکاروں کی راہنمائی کیلئے میگا فارمر گیدرنگ اور نمائشی پلاٹس تیار کئے جارہے ہیں۔ڈویژنل اور ضلعی کمیٹیوں کے باقاعدگی سے اجلاس منعقد کئے جارہے ہیں۔اس کے علاوہ محکمہ زراعت و آبپاشی کے روابط مزید بہتر کئے گئے ہیں تاکہ گندم کی فصل کیلئے پانی کی فراہمی کو بہتر کیا جاسکے۔اس کے علاوہ گوجرانوالہ ڈویژن میں دھان کی 70 فیصد رقبہ پر کٹائی مکمل کی جاچکی ہے۔

اس موقع پر صوبائی وزیر زراعت پنجاب نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کی واضح ہدایت کے مطابق صوبہ کے تمام اضلاع میں گندم کی کاشت کا ہدف کے حصول کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا۔امسال سرکاری رقبوں پر گندم لازمی کاشت کی جائے گی اور ہر ضلع کا ڈپٹی کمشنر سرکاری رقبوں پر گندم کی کاشت سے متعلق رپورٹ پیش کرے گا۔موجودہ حکومت کاشتکاروں کی فلاح کے لیے ترجیحاً اقدامات کررہی ہے۔وزیر اعلی پنجاب کا 400 ارب روپے سے زائد کا کسان پیکج کاشتکاروں کی خوشحالی اور زرعی ترقی کے لیے ایک اہم سنگ میل ثابت ہوگا۔گندم کے چھوٹے کاشتکاروں کیلئے وزیر اعلیٰ پنجاب کسان کارڈ کا اجراء کردیاہے جس کے ذریعے رجسٹرڈ ڈیلرز سے بلاسود زرعی قرضہ سکیم کے تحت کھاد، بیج اور زرعی ادویات مقرر کردہ قیمتوں پر دستیاب ہیں۔اب تک صوبہ بھر میں وزیر اعلی پنجاب کسان کارڈ کے ذریعے 16 ارب روپے کی خریداری کرچکے ہیں۔صوبائی وزیر نے ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ محکمہ زراعت توسیع کا فیلڈ عملہ دھان کی باقیات کو آگ نہ لگانے سے متعلق کاشتکاروں کی فنی راہنمائی کرے اور انہیں متبادل طریقہ کار بتائے جائیں۔اس کے علاوہ ضلعی انتظامیہ سرکاری رقبوں پر گندم کی کاشت سے متعلق 12 نومبر تک رپورٹ پیش کرے۔اس کے علاوہ محکمہ زراعت توسیع کسان کارڈ کے ذریعے زرعی مداخل کی خرید اور تصدیق شدہ بیج کی ڈویژن میں دستیابی کے حوالے سے اپنی رپورٹ پیش کرے۔وزیر اعلی پنجاب کسان کارڈ کے ذریعے اوورپرائسنگ ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔وزیر زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ امسال محکمہ زراعت پنجاب کے تصدیق شدہ بیج کی قیمت میں قریباً2 ہزار روپے کمی کی گئی ہے۔اس کے علاوہ گندم کی کاشت کیلئے ڈی اے پی اور تمام دوسری کھادوں کے کنٹرول ریٹ پر وافر سٹاک موجود ہیں۔انھوں نے کہا کہ گندم کی کاشت کے دوران زرعی مداخل کی زائد قیمت اور غیر معیاری زرعی مداخل کی مارکیٹ میں موجودگی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔صوبائی وزیر نے گندم کی کاشت سے متعلق تمام متعلقہ محکموں کو آپس میں روابط مزید بہتر کرنے کی ہدایت کی۔اجلاس میں سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ گندم کی کاشت کے ہدف کا جائزہ لینے کیلئے ڈویژنل وڈسٹرکٹ کمیٹیوں کے ہفتہ وار باقاعدگی سے اجلاس منعقد کئے جائیں۔گندم کی کاشت کے حوالے سے ماہ نومبر نہایت اہم ہے۔گندم کی کاشت کے سلسلے میں محکمہ زراعت اور ریونیو ڈیپارٹمنٹ مزید بہتر کوآرڈینیشن سے کام کریں۔انہوں نے کہا کہ سموگ ایک نہایت سنجیدہ مسئلہ ہے۔محکمہ زراعت کا عملہ دھان کی باقیات کو آگ لگانے والوں کے خلاف فوری کاروائی عمل میں لائے۔

اجلاس میں کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن نوید حیدر شیرازی، ڈپٹی کمشنر گجرانوالہ نوید احمد، ایڈیشنل سیکرٹری زراعت ٹاسک فورس پنجاب محمد شبیر احمد خان، ڈائریکٹر جنرل زراعت توسیع چوہدری عبدالحمید، ڈائریکٹر جنرل کراپ رپورٹنگ ڈاکٹر عبدالقیوم و دیگر افسران نے شرکت کی۔اس کے علاوہ اجلاس میں حافظ آباد، سیالکوٹ، منڈی بہاؤالدین اور گجرات کے ڈپٹی کمشنرز نے بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کی

☆☆☆☆